## سوال

(193) خطیب منبر پر کھڑا ہو کر عصا پر ٹیک دے سکتا ہے۔ یا نہیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جمعہ کے دن بوقت خطبہ خوانی خطیب منبر پر کھڑا ہو کر عصا پر ٹیک دے سکتا ہے۔ یا نہیں؟ اگر دے سکتا ہے تو باحدیث صحیح ثابت ہو۔ نہ دے سکتا ہے تو وہ بھی احادیث صحیحہ سے ممانعت ثابت ہو۔ غرض سنت ہے یا بدعت حکم خدا اور رسول ﷺ کے موافق ساتھ تشریح کے جواب دیں۔ (عبد القادر کرنول)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

ابن ماجہ میں حدیث ہے۔

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا خطب فی الحرب خطب علی قوس واذا خطب فی الجمعة خطب علی عصا

''یعنی آپ ﷺ جب میدان جنگ میں خطبہ پڑھتے تو کمان کو ہاتھ میں لے کر پڑھتے۔ اور جب جمعہ کے روز پڑھتے۔ تو عصا (لکڑی) پر پڑھتے۔'' اس قسم کی حدیثیں بکثرت ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 150

محدث فتویٰ